18/04/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں-----عابدہ اختر

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے سرحدی علاقے ترقی کی ایک نئی راہ پر گامزن ہیں اور حکومت کی فلاحی اور ترقیاتی اسکیموں کی بدولت ان علاقوں میں ہر ایک سیکٹر میں نمایاں پیشرفت دیکھنے کو مل رہی ہے۔

کل راجوری کے سرائے گاؤں میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے بعدایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی دانشمندانہ قیادت میں سرحدی علاقوں کو ترجیح مل رہی ہے اور یہ علاقے ہماری شناخت بن رہے ہیں۔

................LG...........

حج

جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے حج عازمین کی بیت اللہ پر روانگی کا سلسلہ آج سے شروع ہو ا اورآج سرینگر بین الاقوامی ہوائی اڈے سے تین حج پروازیں روانہ ہو رہی ہیں۔

کچھ عازمین نے روانگی سے پہلے آ ج صبح حج ہاؤس بمنہ سے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

............Bytes............

رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے مینڈھر پونچھ میں ایک عوامی دربار کے دوران لوگوں کے مسائل سُنے ۔ انہوننے لوگونکو یہ مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا یقین دلایا۔

شرما

خوراک سول سپلائز اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کل جمونمیں ایک میٹنگ کے دوران لیگل میٹرولاجی محکمے کے کام کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ محکمے کو ہدایت دی کہ وہ صارفین کے مفادات کو تحفظ دینے کیلئے ایک فعال لائحہ عمل اختیار کریں۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران Special Assistance to states for Capital انوسٹمنٹ SASCI کے تحت اصلاحات اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔

انہوننے رقومات کے بر وقت منصفانہ تصرف کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے لئے SASCI کے تحت4ہزار23 کروڑ روپے کا منصوبہ مرتب کیا گیا ہے۔

IGP

کشمیر وی کے بردی نے IGP سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران وادی کے PCR سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوننے آنے والی تقاریب کی ضمن میں سلامتی منظر نامے کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوننے کہا کہ قوم دشمن عناصر پر سخت نظر گذر رکھی جانی چاہئے اور ان کے عزائم کو ناکام بنایا جانا چاہئے۔ انہوننے حج انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

صوبائی کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ایک میٹنگ میننور باغ سرینگر میں زیر تعمیر60 ایم ایس ڈی سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ سمیت دیگر اہم منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

ڈویژنل کمشنر نے افسران کو ہدایت دی کہ نور باغ STP سے متعلق تمام مسائل31مئی تک حل کئے جائیں تاکہ منصوبہ مکمل طور پر فعال ہو سکے۔ میٹنگ میں ڈل جھیل، دودھ گنگا اور دیگر علاقوں میں آلودگی کے خاتمے کےلئے نئے STPs ر بھی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

ہیر ٹیج ڈے

آج ورثے کا عالمی دن منایاجا رہا ہے ۔ آج کے دن ورثے اور ثقافتی منظر نامے کی اہمیت اور اسے تحفظ دینے سے متعلق امور کو اجا گر کیاجاتا ہے۔

ورلڈ ہیرٹیج ڈے کی مناسبت سے آج متعدد تقاریب کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔

پلوامہDC

پلوامہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بشارت قیوم نے پلوامہ میں کرشی Udyamis کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران کسان خدمت گھروں کی کار گذاری کا جائزہ لیا۔ ترقیاتی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ ان مراکز کو مکمل طور سے قابل کار بنائیں تاکہ کسانونکو ایک ہی جگہ پر زراعت سے متعلق تمام سہولیات دستیاب ہو سکیں ۔

اننت ناگDC

اننت نا گ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی نگرانی مینکل پہلگام کے راستے سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں ٹینٹوں اور دکانوں کی الاٹمنٹ کا عمل مکمل کیا گیا ۔ترقیاتی کمشنر نے متعلقین کو ہدایت دی کہ وہ سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد میں اپنا بھر پور رول ادا کریں ۔

ایوارڈ

جموں کشمیر نے مشن کرم یوگی کے تحت سادھنا سپتا میں قومی سطح پر تیسر ا مقام حاصل کیاہے۔سرکار کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ اس پیشرفت سے جموں کشمیر کے حکمرانی کے عمل میں اصلاحات کی موثر عمل آوری کی عکاستی ہوتی ہے ۔

اس تعلق سے وگیان بھون نئی دلی میں وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ کی صدارت مینمنعقدہ ایک تقریب کے دوران جمونکشمیر انسٹی چیوٹ آف منیجمنٹ ، پبلک ایڈمنسٹریشن اینڈ رورل ڈیولپمنٹ کو تمام محکموں میں کیپسٹی بلڈنگ منصوبوں کی کامیاب عمل آوری کیلئے ایک خصوصی ایوارڈ سے نوازا گیا ۔

کمیٹی

جموں کشمیر میں جل جیون مشن کی عمل آوری کا جائزہ لینے کے لئے تشکیل دی گئی 13 رکنی ہاوس کمیٹی نے پونچھ ضلعے کا دورہ کر کے وہاں عملائی جا رہی متعدد واٹر سپلائی سکیموں کا جائزہ لیا ۔

اس دوران لوگوننے انہیں اپنے اپنے مسائل سے آگاہ کیا ۔ کمیٹی نے انہیں یقین دلایا کہ پانی کی بہتر سہولیات دستیاب کرانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائےں گے ۔

Closing

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا

آکاشوانی سرینگر سے خبرونکا اگلا بلیٹن

سہ پہر 3 بج کر50 منٹ پر اُردو میں نشر ہو گا

خدا حافظ...